سوال

(230) زید کی اہلیہ قضا کر گئی ایک مدت ہوگئی۔ اب پھر زید کوشش کرتا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کی اہلیہ قضا کر گئی ایک مدت ہوگئی۔ اب پھر زید کوشش کرتا ہے۔ مگر کامیابی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ اور نہ کوئی امید ہے اب زید سے برداشت بھی نہیں ہوتا ہے اس کا نفس بہت مائل ہے کہ کوئی ناجائز حرکت کرے۔ مگر خوف خدا بھی لاحق ہے۔ دوسرا گناہ کبیرہ ہوتا ہے۔ جس کو اللہ خود فرماتا ہے۔ ولا تقربوا الزنا الخ ایسے نازک وقت میں زید کیا کرے۔ مطابق شرع شریف کے جواب ارسال فرمایئں۔ (عبد الشکور از آسن سول)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شرعی طور پر حکم ہے۔

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۳۳ سورة النور

''یعنی جو لوگ نکاح نہیں پاتے۔ وہ حتی المقدور بچتے رہیں۔''

طبی طور پر بچنے کی یہ صورت ہے۔ کہ وہ سرد چیزوں مثلاً کشنیز وغیرہ کا استعمال کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 190

محدث فتویٰ